86



آیت نمبر 105

آیات نمبر 105 تا 115 میں مسلمانوں کو قرآن کے مطابق فیصلہ کرنے، بدعہدی اور خیانت
سے بچنے اور بدعہد لوگوں کی حمایت نہ کرنے کی تاکید۔ اللہ کا احسان کہ اس کے فضل و
رحمت سے مسلمان ایک موقع پر گمراہی سے بچ گئے۔ سرگوشیوں سے بچنے کی تاکید سوائے
یہ کہ کسی نیک کام کے لئے ایسا کیا جائے

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ
اللّٰهُ ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! بیشک ہم نے آپ پر ایک سچی کتاب نازل کی ہے تاکہ
آپ اللہ کے عطا کردہ علم کے مطابق لوگوں کے درمیان فیصلہ فرمائیں وَلَا تَكُنْ
لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿١٠٥﴾ وَّ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٠٦﴾
آپ کبھی بھی خیانت کرنے والوں کے طرف دار نہ بنیں اور آپ اللہ سے مغفرت
طلب کیجئے، بیشک وہ بڑا بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے وَلَا تُجَادِلْ عَنِ
الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا
اَثِيْمًا ﴿١٠٧﴾ اور آپ ایسے لوگوں کی طرفداری اور حمائت نہ کریں جو خود اپنے آپ
سے خیانت کر رہے ہیں، یقیناً اللہ کسی ایسے شخص کو پسند نہیں فرماتا جو بڑا بددیانت اور
بدکار ہو يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ
اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿١٠٨﴾
یہ اپنی حرکتوں کو لوگوں سے تو چھپاتے ہیں لیکن اللہ سے نہیں چھپا سکتے اور وہ تو ان
کے ساتھ اس وقت بھی ہوتا جب وہ رات کو چھپ کر ایسی باتوں کے متعلق مشورہ



کرتے ہیں جو اللہ کو ناپسند ہیں، اور یہ جو کچھ بھی کرتے ہیں وہ اللہ کے احاطہ علم میں ہے
هٰۤاَنۡتُمۡ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلۡتُمۡ عَنۡهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا فَمَنۡ يُّجَادِلُ اللّٰهَ
عَنۡهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ اَمۡ مَّنۡ يَّكُوۡنُ عَلَيۡهِمۡ وَكِيۡلًا ﴿۱۰۹﴾ ہاں تم وہ لوگ ہو جو
دنیا کی زندگی میں ان خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑ رہے ہو۔ پھر قیامت
کے دن ان کی طرف سے اللہ تعالیٰ سے کون جھگڑے گا یا وہ کون شخص ہے جو اس دن
ان کا وکیل اور طرفدار بنے گا؟ وَمَنۡ يَّعۡمَلۡ سُوۡٓءًا اَوۡ يَظۡلِمۡ نَفۡسَهٗ ثُمَّ
يَسۡتَغۡفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿۱۱۰﴾ اور جو شخص کسی بدی کا ارتکاب
کرے یا اپنی جان پر ظلم کر بیٹھے پھر اللہ تعالیٰ سے معافی کا طلب گار ہو تو وہ اللہ کو بڑا
معاف کرنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا پائے گا وَمَنۡ يَّكۡسِبۡ اِثۡمًا فَاِنَّمَا
يَكۡسِبُهٗ عَلٰى نَفۡسِهٖؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ﴿۱۱۱﴾ اور جو شخص کسی گناہ کا
ارتکاب کرتا ہے تو وہ اپنی ہی ذات کے لئے اس کا وبال کماتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ
جاننے والا اور بڑی حکمت کا مالک ہے وَمَنۡ يَّكۡسِبۡ خَطِيۡٓـئَةً اَوۡ اِثۡمًا ثُمَّ يَرۡمِ
بِهٖ بَرِيۡٓـئًـا فَقَدِ احۡتَمَلَ بُهۡتَانًا وَّاِثۡمًا مُّبِيۡنًا ﴿۱۱۲﴾ پھر جس شخص نے کسی خطایا
گناہ کا ارتکاب کیا اور اس کا الزام کسی بے گناہ پر لگا دیا، تو یقیناً اس شخص نے ایک بہت
بڑے بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اپنے سر اٹھالیا رکوع [۱۶] وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكَ وَ
رَحۡمَتُهٗ لَهَمَّتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡهُمۡ اَنۡ يُّضِلُّوۡكَؕ اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی
رحمت آپ کے شامل حال نہ ہوتی تو ان لوگوں میں سے ایک گروہ نے آپ کو غلطی میں

مبتلا کرنے کا ارادہ کر ہی لیا تھا وَ مَا يُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ
شَيْءٍ ؕ درحقیقت یہ لوگ اپنے سوا کسی دوسرے کو گمراہ نہیں کرسکتے اور نہ ہی یہ لوگ
آپ کو کوئی نقصان پہنچاسکتے ہیں وَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ عَلَّمَكَ
مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَ كَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ اور اللہ نے آپ پر کتاب
اور حکمت نازل فرمائی ہے اور آپ کو وہ باتیں سکھائی ہیں جو آپ خود نہیں جان سکتے تھے،
اور اللہ تعالیٰ کا آپ پر بہت بڑا فضل ہے لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ
اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ؕ اکثر لوگوں کی سرگوشیوں
اور خفیہ مشوروں میں کوئی بھلائی کی بات نہیں ہوتی سوائے ان لوگوں کے باہمی مشورے
جو خیرات کرنے یا کوئی نیک کام کرنے یا لوگوں کے مابین صلح وصفائی کرانے کی ترغیب
دیتے ہیں وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا
عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ اور جو کوئی اللہ کی خوشنودی اور رضاجوئی کے لئے یہ کام کرے گا تو ہم اس کو
عنقریب بہت بڑا اجر عطا کریں گے وَ مَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ
الْهُدٰى وَ يَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَ
سَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اور جو شخص راہ ہدایت واضح ہو جانے کے بعد بھی اللہ کے رسول
ﷺ کی مخالفت کرے اور مسلمانوں کے راستہ کے سوا کسی اور راستہ کی پیروی کرے گا تو
ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ کر اسی طرف چلنے دیں گے جدھر وہ خود مڑ گیا ہے اور آخر کار
اسے جہنم میں داخل کردیں گے، اور وہ جہنم واپسی کا بہت ہی برا ٹھکانا ہے رکوع [۱۷]

[# 86]

Verses 105 to 115 emphasize Muslims to make decisions in accordance with the Quran, and refrain from supporting untrustworthy individuals. It was only due to Allah's grace and mercy, that Muslims were saved from misguidance at a critical juncture. The importance of avoiding eavesdropping is emphasized, except in the pursuit of a noble cause.

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۭ

Indeed, we have revealed to you, [O Muhammad], the Book in truth, so that you may judge between the people, in accordance with [the truth] which Allah has shown you.

وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿١٠٥﴾ وَّ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٠٦﴾

And do not be an advocate for those who breach trust. And Seek forgiveness from Allah. Surely, Allah is All-Forgiving, Very Merciful.

وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا
يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ﴿١٠٧﴾

Do not argue on behalf of those who deceive themselves. Surely, Allah does not love anyone who is a [habitually] sinful deceiver.

يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَ لَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَ هُوَ
مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ
بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾

They hide [their evil intentions and deeds] from people, but they cannot hide from Allah. He is with them even when they hold discussions at night [about the matters] which Allah disapproves. And Allah encompasses [with his knowledge] whatever they do.

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۫ فَمَنْ
یُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَمْ مَّنْ یَّكُوْنُ عَلَیْهِمْ
وَكِیْلًا ﴿۱۰۹﴾

Yes, you are the people who are arguing on their behalf in the worldly life. Then on the Day of Judgment, who will argue on their behalf with Allah, or who is the person who will be their advocate on that day.

وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ
یَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۱۰﴾

And whoever commits an evil deed or wrongs himself and then seeks forgiveness from Allah, he will find Allah to be Most forgiving and very merciful.

وَ مَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ
عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾

And whoever commits a sin, he earns it only against his own soul. and Allah, is All-Knowing, All Wise.

وَ مَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓـَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ
احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ رکوع [۱٦]

And whoever commits a wrongdoing or a sin, and falsely accuses an innocent person, undoubtedly he burdens himself with a great slander and a grave sin.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ

And if it were not for Allah's grace and mercy upon you, a group among them would have managed to mislead you.

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ

However, they cannot mislead anyone except themselves, nor can they cause you any harm.

وَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ عَلَّمَكَ مَا لَمْ
تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَ كَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾

And Allah has revealed to you, the Book and the wisdom, and has taught you, what you did not know. Indeed, Allah's grace upon you is great.

لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ
مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ؕ

There is no good in most of their whisperings, unless one bids for charity or for doing what is right, or reconciliation between people.

وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ
اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾

And whoever does these deeds with the intention of seeking Allah's pleasure and approval, We will grant him a great reward.

وَ مَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَ
يَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَ نُصْلِهٖ
جَهَنَّمَ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ ركوع [۱۷]

And whoever, opposes the Messenger, after the right path has become clear to him, and follows a path other than that of the believers, We will leave him to his chosen path and lead him towards the destination he has chosen, and cast him into the Hell. And what an evil abode it is.